سے عقد نکاح کرایا، اللہ تعالیٰ نے بڑھاپے میں اولاد دی۔ صاحب کرامات اور مستجاب الدعوات بزرگ رہے ہیں، بے تکلفی فقیرانہ مزاج سادہ وضع جیسی صفات کے مالک تھے، بدعات سے اتنے ہراساں رہتے کہ ہر وقت دل و دماغ پر یہی خطرہ مسلط رہتا کہ کہیں سنت کی خلاف ورزی نہ ہو جائے کافی عرصہ قبل جب چلنے پھرنے کی سکت تھی تو متعدد دفعہ دارالعلوم حقانیہ میں بھی قدم رنجہ فرمایا اور کئی کئی دن طلبہ و اہل علم کو اپنی صحبت سے مشرف فرماتے، حق تعالیٰ مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے ـــ اور "فی مقعد صدق عند ملیک مقتدر" کا مصداق بنادے۔

پچھلے ماہ الحق کے ایک دیرینہ خادم یعنی میاں محمد شریف صاحب مالک منظور عام پریس پشاور نہ یکایک حرکت قلب بند ہونے سے وفات پا گئے، مدتوں سے الحق کی طباعت بڑے خلوص و محبت سے فرماتے رہتے اس مناسبت سے قارئین الحق پر ان کا حق ہے کہ ان کی مغفرت اور رفع درجات کے لئے دعا فرمائیں، اللہ تعالیٰ ان کی خامیوں سے درگزر فرمائے اور مغفرت سے نوازے۔

دارالعلوم کے جوان سال ذہین محنتی طالب علم مولوی محمد شاہ عالم وزیرستانی اکوڑہ خٹک کے متصل دریائے کابل (لنڈا) میں ڈوب کر شہادت پاگئے یہ واقعہ بھی اس ماہ دارالعلوم کے طلبہ اساتذہ اور انتظامیہ کیلئے شدید صدمے کا باعث بنا، ہفتہ عشرہ تک دریا سے لاش کی بازیابی کی کوششوں کے باوجود اللہ کو منظور نہ ہوا، علوم دینیہ کی طالب علمی، مسافرت، پھر دریا کی موت اور جمعہ کا دن، شہادت درشہادت کی حکمی علامتیں اور ان کے عند اللہ مقبولیت کی دلیلیں ہیں۔ حق تعالیٰ تمام پسماندگان کو صبر واجر اور مرحوم کو درجات عالیہ عطا فرمادے۔

دیانتداری اور خدمت ہمارا شعار ہے

ہم اپنے ہزاروں کرم فرماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے

پستول مارکہ آٹا

استعمال کرکے ہماری حوصلہ افزائی کی۔

نوشہرہ فلور ملز ــــ جی ٹی روڈ ــــ نوشہرہ

فون ۱۲۴